رہبر معظم آج حضرت امام خمینی (رہ) کے روضہ مبارک اور شہداء کے مزار پرحاضر ہوئے - 31 /Jan/ 2008

عشرہ فجر اور انقلاب اسلامی کی بہار کی آمد اور ایران میں حضرت امام خمینی (رہ) کے تاریخی ورود کی مناسبت سے رہبر معظم انقلاب اسلامی حضرت آیت اللہ العظمی خامنہ ای آج صبح حضرت امام خمینی (رہ) کے روضہ مبارک پر حاضر ہوئے اور جمہوری اسلامی کے بانی کے عظیم مقام کا احترام ادا کیا ۔ رہبر معظم انقلاب اسلامی نے حضرت امام خمینی (رہ) کی عظیم خدمات کو یاد کرتے ہوئے ان کے لئے سورہ فاتحہ کی تلاوت فرمائی ۔

رہبر معظم انقلاب اسلامی اس کے بعد شہداء ہفتم تیراور دیگر شہداء کے مزار پر حاضر ہوئے اور ان کےدرجات کی بلندی کے لئے دعا فرمائی